اسد شفیق کی مزاحمت نےپاکستان کا مجموعہ 240 تک پہنچادیا

لاہور،21نومبر2019ء:

گابا اسٹیڈیم، برسبین میں جاری ٹیسٹ میچ کے پہلے روز قومی ٹیم آسٹریلیا کے خلاف 240 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی ہے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین اسد شفیق 76 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔

پاکستان کے کپتان اظہر علی نے ٹاس جیت کے پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے شان مسعود کے ہمراہ ٹیم کو 75 رنز کا مضبوط آغاز فراہم کیا۔ اظہر علی 39 اور شان مسعود 27 رنز بناکر آؤٹ ہوئے۔ دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے کے بعد قومی ٹیم کا مڈل آرڈر متاثرکن کارکردگی کا مظاہرہ نہ کرسکا اورمحض19 رنز کے اضافےسے 5کھلاڑی پویلین واپس لوٹ گئے۔

جس کے بعد اسد شفیق نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور وکٹ کیپر بیٹسمین محمد رضوان کے ہمراہ 49 رنز کی شراکت قائم کرکے بیٹنگ لائن اپ کو سہارا دیا۔ محمد رضوان 37 رنز بناکر آؤٹ ہوئے تو یاسر شاہ نے کریز سنبھال لی۔ ا نہوں نے اسد شفیق کے ساتھ مل کر اسکور بورڈ کو چلانے کا سلسلہ جاری رکھا۔ دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 84 رنز کی اہم شراکت قائم ہوئی۔134 گیندوں کا سامنا کرنے والےاسد شفیق نے 7چوکوں کی مدد سے 76رنز کی اننگز کھیلی۔ یاسر شاہ 26 رنز بناکر مچل اسٹارک کا شکار بنے۔

قومی کرکٹ ٹیم میچ کے پہلے روز 86.2اوورز میں 240 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا کے فاسٹ باؤلر مچل اسٹارک نے 4 اور پیٹ کمنز نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔

میزبان ٹیم میچ میں اپنی پہلی اننگز کا آغاز کھیل کے دوسرے روز کرے گی۔

پاکستان کی جانب سے 16 سالہ فاسٹ باؤلر نسیم شاہ نے میچ میں ڈیبیو کیا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk